

كشف الستور
عما أشكل من أحكام القبور

توحید الٰہی کی برکات

از

فضیلۃ الشیخ محمود سعید ممدوح

ترجمہ

زینت مسند تدریس

الاستاذ محمد یونس مدنی قادری

جامعہ اسلامیہ لاہور / امام وخطیب: واپڈا ہاؤسنگ سوسائٹی / جامع مسجد E/2 واپڈا ٹاؤن لاہور

ناشر

اسلامک میڈیا سنٹر

كشف الستور عما أشكل من احكامِ القبور

توحید الٰہی کی برکات

از

فضیلۃ الشیخ محمود سعید ممدوح

ترجمہ

زینت مسند تدریس

الاستاذ محمد یونس مدنی قادری

جامعہ اسلامیہ لاہور

امام وخطیب: واپڈا ہاؤسنگ سوسائٹی

جامع مسجد E/2 واپڈا ٹاؤن لاہور

ناشر

اسلامک میڈیا سنٹر

mahboobqadri787@gmail.com, 0321-9429027

حرف اوّل

عالی مرتبت فضیلۃ الشیخ محمود سعید ممدوح اُمت مسلمہ کے مسلمہ عالم دین ہیں اور عالم عرب کے شہرۂ آفاق محقق۔ ان کی کتاب "کشف الستور عما اشکل من احکام القبور " جس میں توحید الٰہی کے نکھرے ہوئے تصور کو پیش کیا گیا ہے۔ اس کے اُردو ترجمہ کی سعادت مجھے نصیب ہوئی ہے اس پر میں، محقق العصر مترجم تفسیر کبیر مفتی محمد خان قادری حفظہ اللہ تعالیٰ کا تہہ دل سے شکر گزار ہوں جو جامعہ اسلامیہ لاہور کے جملہ اساتذہ کرام اور طلباء کی فکری وعلمی راہنمائی کرتے ہیں۔ اکثر اپنے ملنے والوں کو علمی خدمات کی طرف متوجہ فرماتے ہیں مجھے بھی انہوں نے ہی علمی خدمات کی طرف متوجہ فرمایا گویا مجھے بھی اس طرف راغب کرنے کا سہرا انہی کے سر ہے۔ گذشتہ دنوں مجھے اسلام آباد دھرنے میں جانے کا موقع ملا تو واپسی پر مجھے مفتی صاحب نے فرمایا کہ یہ دھرنے بھی اچھے ہیں مگر آپ جیسوں کو علمی دھرنا بھی دینا چاہیئے۔ مفتی صاحب کی یہ بات کانوں کے راستے میرے دل میں اُتر گئی۔ لہٰذا علمی دھرنے کی طرف میں نے پہلا قدم اُٹھایا ہے جو حاضر ہے میرے دیگر علمی غیر مطبوعہ کام بھی ان شاء اللہ بہت جلد منظر عام پر آئیں گے۔

رب العالمین جملہ معاونین کو جزائے خیر عطا فرمائے اور ہماری خدمت کو اپنی بارگاہ عالی جناب میں قبول اور مقبول کر کے دنیا و آخرت کی عافیت نصیب فرمائے۔ آمین

محمد یونس مدنی قادری

جامعہ اسلامیہ لاہور

0300-6548985

انتساب

میں اپنی اس ادنیٰ کاوش کو اپنے آقا و مولا حضور سید الانبیاء و خاتم المرسلین ﷺ کی

آل پاک

اور

آپ ﷺ کے جانثار صحابہ کرام رضی اللہ عنہم

کی خدمت میں پیش کرنے کی سعادت حاصل کرتا ہوں۔

گر قبول افتد زہے عز و شرف

الاھداء

نبی مکرم ﷺ کے بہت پیارے چچا

سید الشہداء حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ

اور

آپ ﷺ کی بہت پیاری پھوپھی

حضرت فاطمہ بنت اسد رضی اللہ عنہا

کی خدمت عالیہ میں پیش کرنے کی سعادت حاصل کرتا ہوں

العبد الضعیف: محمد یونس مدنی قادری رضوی اعوان

القرآن الکریم

پہلی بحث:

اللہ تعالیٰ پر ایمان چند اُمور کو لازم کرتا ہے اور ان اُمور میں سے اولاً اللہ تعالیٰ کی معرفت ہے۔ ثانیاً، بُرے عقائد و نظریات کو چھوڑنا ہے۔ حضور ﷺ کی تشریف آوری سے پہلے مشرکین اللہ تعالیٰ کو نہیں پہچانتے تھے۔ اس لیے کہ وہ مشرکین ربوبیت کے اجزا کو نہیں پہچانتے تھے اور مشرکین کے ان نظریات کی بناء پر وہ اپنے کفر میں ترقی کر گئے وہ بُرے عقائد ہیں۔ اور تحقیق مشرکین دو بڑے فسادوں کی بناء پر مجتمع ہو گئے اور وہ اللہ تعالیٰ کی عدم معرفت ہے اور فاسد عقائد کا اعتقاد ہے۔ اس لیے اللہ تعالیٰ نے پیغمبر اعظم کو ان کی طرف مبعوث فرمایا اور آپ ﷺ کے بھائی رسولوں کو بھیجا یعنی دوسرے رُسل اعظام کو مبعوث فرمایا۔ پس مشرکین نے اللہ تعالیٰ کو پہچانا اور انہوں نے برے عقائد کو چھوڑا اور انہوں نے اللہ تعالیٰ (وحدہ لاشریک) کی عبادت کی (وہ ذات کبریا) اس کا کوئی شریک نہیں ہے اور یہ کلمہ ایمان باللہ کے اجزا سے ہے پھر مشرکین کے کچھ عقائد کو ذکر کیا جائے گا۔ بے شک اللہ تعالیٰ کے وہ اسماء ہیں جو دلالت کرتے ہیں اس کی ذات کبریا پر وہ اللہ تعالیٰ کے اچھے نام ہیں۔ وہ ان صفات

کی معرفت اور ان پر ایمان واجب ہے اور ان صفات میں سے کسی ایک صفت کا انکار اللہ تعالیٰ کا انکار ہے اور اسی طرح بعض صفات کا انکار اللہ تعالیٰ کا انکار ہے۔ اور یہ صفات قرآن کریم کے اندر بیان فرمائی گئی ہیں۔۔ بے شک اللہ تعالیٰ کی صفات پر یقین رکھنا لازم ہے۔ اور یہ صفات اللہ تعالیٰ کے ساتھ خاص ہیں اور پروردگار عالم کی ذات کبریا کا خاصہ (غیر شاملہ) ہے اور ایسی صفات جن کا تعلق اسماء کے قبیلے سے ہے کہ جن کی نصوص قرآنی اور احادیث نبویہ میں تصریح آئی اور بعض علماء نے ان صفات کو پروردگار کا خاصہ قرار دیا اور ان علماء میں سے امام خطابی اور امام ابو نعیم اصفہانی اور امام قاسم قشیری وغیرہ ہیں۔ وہ صفات یہ ہیں "خالق" (پیدا کرنے والا) "رازق" (رزق دینے والا) "رحمن" (بہت زیادہ مہربان) "رحیم" (بہت زیادہ رحم کرنے والا) "الملک" (بادشاہ) "الحی" (زندگی عطا فرمانے والا) "القادر" (قدرت والا) "باسط" (کشادگی عطا فرمانے والا)

سو یہ وہ اسمائے حسنیٰ ہیں جن پر ایمان رکھنا واجب ہے۔ بے شک اللہ تعالیٰ پیدائش، وجود، قیامت کے دن دوبارہ اُٹھانا، سب کو جمع کرنا، حساب اس حوالے سے تصرف فرماتا ہے۔ اور ان صفات کے ساتھ وہ صفات جو ان اسمائے حسنیٰ پر دلالت کرتی ہیں، رحمت سے، احسان سے، بخشش سے لطف سے معاملہ فرماتا ہے ۔پس اللہ تعالیٰ کی ربوبیت ان اسمائے حسنی کے معانی پر مشتمل ہے۔

دوسری بحث:

☆ کفر کی اقسام زمانہ جاہلیت میں جیسا کہ قرآن کریم میں مذکور ہیں۔

1۔اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

☆ تو اللہ کے لئے جان بوجھ کر برابر والے نہ ٹھہرا۔ (البقرۃ۔۲۲)

2۔اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

☆ سب خوبیاں اللہ کو جس نے آسمان و زمین بنائے اور اندھیرا اور روشنی پیدا کی۔اس پر کافر لوگ اپنے رب کے برابر ٹھہراتے ہیں۔ (الانعام)

3۔اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

☆ اور کہیں گے وہ جو دبے ہوئے تھے ان سے جو اونچے کھینچے تھے بلکہ رات دن کا داؤ (فریب) تھا جب کے تم ہمیں حکم دیتے تھے کہ اللہ کا انکار کریں اور اس کے شریک ٹھہرائیں۔ (السباء:۳۳)

4۔اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

☆ اور ظاہر کی جائے گی دوزخ گمراہوں کیلئے اور ان سے کہا جائے گا کہاں ہیں وہ جن کو تم پوجتے تھے اللہ کے سوا۔کیا وہ تمہاری مدد کریں گے یا بدلہ لیں گے تو اوندھا دیئے گئے جہنم میں وہ اور سب گمراہ اور ابلیس کے سارے لشکر کہیں گے اور وہ اس میں باہم جھگڑتے ہوں گے۔خدا کی قسم بے شک ہم کھلی گمراہی میں تھے جبکہ تمہیں رب

العالمین کے برابر ٹھہراتے تھے۔ (الشعراء۹۱۔۹۸)

☆لہٰذا انہوں نے بتایا پہلی آیت میں کفار نے اپنے اپنے معبودان باطلہ کو اللہ تعالیٰ کا شریک ٹھہرایا۔اور دوسری آیت میں اللہ تعالیٰ نے مشرکین کے عمل پر ناپسندیدگی کا اظہار فرمایا۔اس لئے کہ مشرکین اللہ تعالیٰ کی نظیر اور شریک ٹھہراتے ہیں۔

امام طبرسی نے کہا ''مجمع البیان ج ۴، ص ۵'' پر کہ مشرکین اللہ تعالیٰ کے غیر کو اس کے برابر مانتے ہیں۔(یہ بات اہل عرب کے قول سے ماخوذ ہے کہ ''کوئی ایک بھی فلاں شخص کے برابر نہیں'' یعنی میرے پاس اس کی مثال نہیں ہے)اور مذکورہ بالا سورۃ الشعراء میں کفار کا اعتراف ہے کہ جب وہ سر کے بل دوزخ میں گھسیٹے جائیں گے تو اعتراف کریں گے کہ ہم اپنے معبودوں کو تمام جہانوں کے رب کے برابر بناتے تھے۔

سوال: مشرکین نے اپنے بتوں کو اللہ تعالیٰ کا شریک اور تمثیل بنایا اور انہوں نے بتوں کو تمام جہانوں کے پروردگار کے برابر بنایا۔اور قرآن نے ان کی بے وقوفی اور کفر کی وضاحت کی کہ مذکورہ بالا تمام عقائد باطلہ جو ان میں موجود تھے۔

پس اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

☆انہوں نے اللہ تعالیٰ کی قدر نہیں کی جیسا کہ اس کی قدر کرنے کا حق تھا۔(الحج:۷۴)

تو کیا آپ تصور کر سکتے ہیں کہ وہ لوگ جو بکثرت ہیں کفر کرنے والے، شرک کرنے والے اور اس کی معرفت کو نہ پہچاننے والے تھے، کیا وہ ایک خدا کو

ماننے والے اور اللہ تعالیٰ کی ربوبیت کو جاننے والے تھے؟ سبحان اللہ! یہ بہت بڑا بہتان ہے۔ سوائے صاحب کشف الشبہات کے نزدیک، صاحب اُصول ثلاثہ کے نزدیک، صاحب کتاب التوحید کے نزدیک اور وہ لوگ جنہوں نے اس مسئلہ میں غلو کیا، انہوں نے قرآن پاک کی وضاحت کو چھوڑ دیا اور مذکورہ بالا لوگوں کی تقلید کی۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

☆ اور یہودیوں نے اللہ تعالیٰ کی قدر نہیں کی جیسا اس کی قدر کرنے کا حق تھا۔ جب انہوں نے کہا کہ نہیں اللہ تعالیٰ نے کسی بشر پر کوئی شے نہیں اُتاری۔

(الانعام:۹۱)

امام قرطبی نے کہا: (۲۴۷۳/۱۳۔ الشعب)

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

☆ وَمَا قدروالله حق قدره

جو شے لازم اللہ تعالیٰ کیلئے اور اس کی ذات کبریا کے لئے جائز اور خاصہ پروردگار ہے۔

☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ وہ ایمان نہیں لائے کہ ”بے شک اللہ تعالیٰ ہر چاہت پر قادر ہے“ اور حضرت حسن نے فرمایا کہ انہوں نے اللہ تعالیٰ کی تعظیم نہیں کی جیسا کہ اس کی تعظیم کرنے کا حق تھا۔ پھر امام قرطبی نے

فرمایا کہ یہودیوں نے اللہ تعالیٰ کی طرف نسبت کی کہ بے شک اللہ تعالیٰ حجت کو اپنے بندوں پر قائم نہیں کرتا وہ ایسی بات کا حکم نہیں دیتا جس میں ان کی بھلائی نہ ہو۔

لہذا یہودیوں نے اللہ تعالیٰ کی تعظیم نہیں کی جیسا کہ اس کی عظمت کا حق تھا اور اللہ تعالیٰ کے حق کو یہودیوں نے نہیں پہچانا۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

☆اور بولے وہ تو نہیں مگر یہی ہماری دنیا کی زندگی مرتے اور جیتے ہیں اور ہمیں ہلاک نہیں کرتا مگر زمانہ اور انہیں اس کا علم نہیں۔ وہ تو بڑے گمان دوڑاتے ہیں۔ (الجاثیہ:۲۴)

مذکورہ بالا آیہ کریمہ وضاحت فرماتی ہے کہ کفار اعتقاد رکھتے تھے کہ وہ مرے جائیں گے زمانے کے گزرنے کے ساتھ اور لمبی عمر کے ساتھ یہ انکار ہے ان کی کفار کی جانب سے بنانے والے یعنی اللہ تعالیٰ۔ اور اللہ تعالیٰ نے ردّ فرمایا ان کی اس بات کا کہ جب وہ مرنے اور جینے کی نسبت کرتے زمانے کی طرف۔ اور حدیث شریف میں ثابت ہے کہ ابن آدم زمانے کو گالی دیتا ہے اور میں زمانہ ہوں۔ رات اور دن کو باری باری لانے والی ذات صرف اللہ تعالیٰ کی ہے۔ جب وہ نسبت کرتے ہیں درپیش آنے والے واقعات کی زمانے کی طرف اور وہ بنانے والے کے وجود کا انکار کرتے ہیں۔ پس جو انکار کرتا ہے بنانے والے کا اور اللہ تعالیٰ کو کائنات کا نظام چلانے والا نہیں مانتا اور اللہ تعالیٰ کے وجود کا انکار کرتا ہے کیا وہ ایک الٰہ کو ماننے والا ہے؟ اس فساد سے اللہ تعالیٰ کی پناہ۔

رحمٰن کیا شے ہے میرا مطلب یہ ہے کہ وہ نہیں پہچانتے کہ رحمٰن کیا شے ہے اور تصدیق فرماتا ہے اللہ تعالیٰ کا قول ان کی اس بات کا وہ رحمٰن کا انکار کرتے تھے۔ (الرعد:۳۰)

جیسا کہ غلو کرنے والوں نے کہا: پس جو شخص رحمٰن کا انکار کرتا ہے اور اس کو نہیں پہچانتا کیا وہ موحد ہے؟ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

☆ کیسے وہ اللہ تعالیٰ کا انکار کرتا ہے؟ (البقرہ:۲۸)

اور اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

☆ کیا تم انکار کرتے ہو اس ذات پاک کا کہ جس نے پیدا فرمایا زمین کو دو دنوں میں۔ (فصلت:۹)

پس قرآن کریم کی وضاحت ہے مشرکین کے کفر کی جو وضاحت کرتا ہے مخالف کہ بے شک مسلمانوں سے ان کی اچھی حالت ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

اور اللہ تعالیٰ نے جو کھیتی اور مویشی پیدا کیے ان میں سے ایک حصہ دار ٹھہرایا تو بولے کہ ان کے خیال میں یہ اللہ تعالیٰ کا حصہ ہے اور یہ ہمارے شریکوں کا تو وہ جو ان کے شریکوں کو پہنچتا ہے کیا ہی بُرا حکم لگاتے ہیں۔ (الانعام:۱۳۶)

قرآن کریم نے کافرین کے فاسد اعتقادات کی ایک قسم بیان فرمائی کہ وہ تقسیم کرتے تھے جو انہیں حاصل ہوتا کھیتی سے، اُونٹوں سے، گائے سے اور بکریوں سے، وہ دو اقسام پر ہے۔

1۔ایک اللہ تعالیٰ کا حصہ۔ 2۔دوسرا ان کے معبودان باطلہ کا حصہ۔

اور وہ اللہ تعالیٰ کا بتوں کو شریک سمجھتے تھے۔اس لیے وہ بناتے اپنے مالوں سے ان بتوں کیلئے حصہ اور وہ خرچ کرتے تھے ان پر اور شریک کرتے تھے ان بتوں کو اپنی نعمتوں میں اور وہ قسم جو بناتے تھے اللہ تعالیٰ کیلئے وہ کھلاتے تھے اپنے مہمانوں کو اور جو قسم وہ بناتے تھے اپنے بتوں کیلئے وہ خرچ کرتے تھے اس کو بتوں پر۔

کفار کا انکار قیامت کے حوالہ سے اور اولین آخرین کے جمع ہونے کے حوالہ سے اور اس میں بہت زیادہ آیات ہیں۔

نبی کریم ﷺ کا انکار اور تکذیب، آپ کی شان میں تنقیص اور آپ کو تکلیف پہنچانا۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

☆ اور انہوں نے اللہ تعالیٰ کے سوا اور خدا ٹھہرا لئے کہ شاید ان کی مدد ہو۔وہ ان کی مدد نہیں کر سکتے اور وہ ان کے شکر سب گرفتار حاضر آئیں گے۔ (یٰسین۔۷۴،۷۵)

اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

☆ اللہ کے سوا اور خدا بنا لئے کہ وہ انہیں ضرر دیں ہرگز نہیں کوئی دم جاتا ہے کہ وہ ان کی بندگی سے منکر ہوں گے اور مخالف ہو جائیں گے۔ (مریم۔۸۱،۸۲)

اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

☆ تو اس سے بڑھ کر ظالم کون جو اللہ پر جھوٹ باندھے یا اس کی آیات

جھٹلائے بے شک مجرموں کا بھلا نہ ہوگا اور وہ اللہ کے سوا ایسی چیز کو پوجتے ہیں جو ان کا کچھ بھلا نہ کرے، اور کہتے ہیں کہ یہ اللہ کے یہاں ہمارے سفارشی ہیں۔ فرمایا کہ اللہ کو وہ بات بتاتے ہو جو اس کے علم میں نہ آسمانوں میں ہے اور نہ زمین میں۔ اسے پاکی اور برتری ہے ان کے شرک سے۔ (یونس۔۱۸)

مذکورہ بالا ان نصوص کریمہ میں قرآن کریم نے واضح فرمایا کہ وہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ بہت سارے معبودان باطلہ کی عبادت کرتے تھے۔ پس ان کا عقیدہ تھا بے شک معبودان باطلہ یعنی بت انہیں تکلیف پہنچائیں گے اس لیے وہ عبادت کرتے تھے ان بتوں کی اپنے سے بتوں کے نقصان کو روکنے کیلئے اور وہ انہیں نفع دیتے۔

اس لیے وہ عبادت کرتے تھے ان بتوں کی ان کے نفع کیلئے ان کے دنیاوی معاملات میں اور وہ کہتے ہیں یہ بت معبودان باطلہ ہمارے سفارشی ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے دربار میں۔ پس اللہ تعالیٰ نے ان کے جھوٹ اور عقیدے کے فساد کو بیان فرمایا۔

اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

☆ پس اگر وہ اعتقاد صحیح رکھتے اللہ تعالیٰ کی ربوبیت کے بارے میں اور وہ معرفت رکھتے ہوئے اللہ تعالیٰ کی ذات کبریا کی، البتہ وہ جانتے اللہ تعالیٰ کی علمی جلالت کو۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

☆ انہوں نے اللہ تعالیٰ کے مقابل کچھ سفارشی بنا رکھے ہیں تم فرماؤ کیا اگرچہ

وہ کسی چیز کے مالک نہ ہوں اور نہ عقل رکھیں تم فرماؤ شفاعت تو اللہ کے ہاتھ میں اسی کیلئے ہے آسمانوں اور زمین کی بادشاہی پھر تمہیں اسی کی طرف لوٹنا ہے۔ان نصوص قرآنی نے واضح فرمایا۔

بے شک مشرکین وہ بتوں کو الٰہ بناتے تھے، مشرکین ان کی عبادت کرتے تھے۔اللہ تعالیٰ کے علاوہ اس نیت کے ساتھ کے بے شک وہ بت معبودان باطلہ اللہ تعالیٰ کے دربار میں ان کی سفارش کریں گے۔اور واضح فرمایا: اللہ تعالیٰ نے ان کے جھوٹ کو ان کے دعوے میں۔

"فللہ الشفاعة جمیعاً" بایں معنیٰ کہ بے شک اللہ تعالیٰ عطا فرماتا ہے اور اللہ تعالیٰ مالک ہے جسے چاہے شفاعت کی اجازت مرحمت فرمائے۔پس بتوں کی ان کی شفاعت کو طلب کرتے ہوئے عبادت کرنا۔اعتقاد مخالف ہے کہ بے شک اللہ تعالیٰ کیلئے آسمانوں اور زمینوں کی بادشاہت ہے۔اور اسی ذات کبریا کی طرف لوٹنا اور ٹھکانہ ہے۔تو جو شخص اللہ تعالیٰ پر ایمان رکھتا ہے اور بتوں کی عبادت نہیں کرتا بایں طور کہ وہ انہیں وسیلہ بنائے۔اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

☆ اور ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا: تم نے تو اللہ کے سوا یہ بت بنائے ہیں جن سے تمہاری دوستی دنیا کی زندگی تک ہے۔پھر قیامت کے دن تم ایک دوسرے کے ساتھ کفر کرو گے اور ایک دوسرے پر لعنت ڈالو گے اور تم سب کا ٹھکانہ جہنم ہے اور

تمہارا کوئی مددگار نہیں۔ (العنکبوت۔۲۵)

واضح فرمایا: اللہ تعالیٰ نے بے شک بعوض مشرکین کے کہ وہ بتوں کی عبادت کرتے تھے تاکہ قرب، مودّت اور رابطہ حاصل ہو۔اس قسم کے مشرکین کے درمیان اور یہ لغو اور گمراہی کی اخیر ہے۔ اور یہی لوگ ابرہیم علیہ السلام کی قوم ہیں۔ لہٰذا جس شخص میں یہ عقائد باطلہ موجود ہیں تو کیا وہ اللہ تعالیٰ کو ایک ماننے والا ہے اور پہچاننے والا ہے؟ اور اللہ تعالیٰ بہت بلند ہے۔اس سے جو ظالم اور جاہل ہے۔اور یہی وہ عقائد باطلہ اور گمراہیاں مشرکین میں ہیں۔ایسے ہی لوگوں کی طرف اللہ تعالیٰ نے اپنے رسولوں کو مبعوث فرمایا تاکہ وہ پہچانیں اللہ تعالیٰ کو اور وہ عبادت کریں اس کی اور یہ عقائد اور گمراہیاں کتاب "الملل والنحل" مذکورہ ہیں۔

الحاصل، مشرکین کو موحد کہنا قرآن پاک کی تکذیب ہے۔

تیسری بحث:۔

مسلمانوں کی تکفیر کے ساتھ مشرکین کے عقائد کا مقابلہ جو ماقبل بحث میں مذکور ہے کہ مشرکین کے عقائد یہ ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے ان کی طرف انبیاء کو بھیجا تاکہ وہ انہیں گمراہی کے اندھیروں، فساد اور تکفیر کی دلدل سے نور معرفت اور ایمان کی طرف نکالیں اور جو کچھ ماقبل مشرکین کے عقائد فاسدہ سے ذکر کیا گیا محمد بن عبدالوھاب

ان کی تصریح کرتا ہے کہ کفار کی حالت مسلمانوں سے اچھی ہے پس وہ اپنی کتاب

"قواعدہ الاربع" میں "صفحہ ۴۲" پر کہتا ہے کہ کفار جن کے ساتھ رسول اللہ ﷺ نے

جہاد فرمایا وہ اقرار کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ پیدا کرنے والا، رزق دینے والا، انتظام کرنے

والا ہے حالا کہ وہ اہل اسلام نہیں ہیں اور محمد بن عبدالوہاب "صفحہ: ۴۷" پر کہتا ہے۔

بے شک ہمارے زمانے کے مشرک پہلوں سے زیادہ شدید شرک کرنے

والے ہیں۔ بے شک پہلے مشرک وہ شرک کرتے تھے خوشحالی میں اور مخلص ہوتے تھے

سختی میں، اور ہمارے زمانے کے مشرک ان کا شرک دائمی ہے۔

قلت تناقص محمد بن عبدالوهاب واخطاء۔

مصنف کتاب (محمود سعید ممدوح) کہتے ہیں کہ یہ محمد بن عبدالوہاب کا

تضاد اور غلطی ہے۔

محمد بن عبدالوہاب کا تضاد:۔

پس بے شک اس نے مشرکین کے اقرار کو توحید کے ساتھ ثابت کیا۔ پھر

اس نے مشرکین کی طرف خوشحالی میں شرک کی نسبت کی۔ اور یہ فاسد ہے۔ دوسرے

لحاظ سے جو محمد بن عبدالوہاب نے کہا۔ اس لیے کہ مشرکین وہ عبادت کرتے تھے اپنے

بتوں کی خوشحالی میں فقط۔ بلکہ وہ عبادت کرتے بتوں کی خوشحالی اور تنگ دستی، دن اور

رات میں۔ اور بہر حال محمد بن عبدالوہاب کی غلطی ہے۔ پس بے شک اس نے ثابت

کیا مشرکین کیلئے بعض اشیاء کو جو اس کے گمان میں تھیں اور اوجھل ہو گئے مشرکین کے عقائد فاسدہ وہ جو میں نے اُوپر ذکر کیے۔ لہٰذا محمد بن عبدالوھاب کا قول یہ ہے کہ کفار بے شک ان لوگوں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ لڑائی کی۔ وہ اقرار کرتے تھے اس بات کا کہ بے شک اللہ تعالیٰ پیدا کرنے والی ذات ہے۔ باوجود اس کے وہ اہل اسلام نہیں۔

بے شک وہ اسلام میں داخل نہیں ہیں اس لیے مشرکین رسول اللہ ﷺ کی تکذیب کرتے ہیں۔ معجزات ظاہر ہونے کے بعد وہ دلالت کرتے ہیں آپ ﷺ کے سچا رسول ہونے پر۔ اور وہ (بزعم فاسد) کہتے (محمد) جادوگر اور بہت غلط بیان کرتے ہیں اور مشرکین انکار کرتے ہیں آپ ﷺ کی تمام شریعت کا اور وہ جاہلیت کے دین پر ہیں اور وہ جھٹلاتے ہیں قرآن کریم کو اور یہ کافی ہے۔ ان کا کفر چاہے وہ شفاعت کے اُمیدوار ہوں اپنے بتوں سے اور وہ عبادت کریں بتوں کی یا نہ کریں۔

لہٰذا کیسے قیاس کیا جاسکتا ہے ان مشرکین کے ساتھ اور برابر ٹھہرایا جاسکتا ہے ان مشرکین کے جو اللہ پر اور اس کے رسول پر ایمان لاتا ہے۔ اور جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے اترا وہ حق ہے۔ یعنی وہ اس پر ایمان رکھتا ہے۔ اور وہ شخص شریعت مصطفےٰ ﷺ کی پیروی کرتا ہے۔ وہ فقط اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا ہے نبی کریم ﷺ کی قبر کے پاس یا وہ درود بھیجتا ہے۔ مسجد میں آپ کی قبر کے ساتھ یا وہ رحلت سفر باندھنا ہے نبی کریم ﷺ کی زیارت کیلئے یا ولی کی زیارت کیلئے یا وہ شفاعت کا اللہ تعالیٰ سے طلب

گار ہوتا ہے۔اس شخص کے واسطے جس کو وہ اپنا شفیع بناتا ہے اور اس کی سفارش (اللہ تعالیٰ) کی بارگاہ میں قبول ہے اور وہ شخص بطور وسیلہ پیش کرتا ہے۔اسے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں کیسے ممکن ہے کہ ہم کہیں کہ مسلمان اور مشرکین برابر تھے حالانکہ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرماتا ہے:۔

☆ کیا ہم مسلمانوں کو مجرمین کی طرح کر دیں تمہیں کیا ہوا کیسا تم فیصلہ کرتے ہو۔ (القلم:۳۵،۳۶)

اور قریب ہے جو گزرا محمد بن عبدالوھاب کا قول اس کے رسالے کشف الشبھات (ص ۳، وزارۃ الاوقاف بالریاض)

”اللہ تعالیٰ کے آخری رسول محمد ﷺ ہیں، اللہ تعالیٰ نے انہیں بھیجا ایسے لوگوں کی طرف جو عبادت کرتے تھے، حج کرتے تھے، صدقہ کرتے تھے اور اللہ تعالیٰ کا بہت زیادہ ذکر کرتے تھے لیکن وہ بعض مخلوقات کو اپنے اور اللہ تعالیٰ کے درمیان وسیلہ بناتے تھے“۔

نتیجہ کلام یہ ہے کہ جب رسول اللہ ﷺ نے ان کے ساتھ جہاد کیا، ان کے حج، صدقہ اور عبادت کے باوجود۔

تو ہمارے لیے بھی جائز ہے کہ ہم اپنے معاصرین سے جہاد کریں۔اس لیے کہ وہ بناتے ہیں، بعض مخلوقات کو وسیلہ اپنے اور اللہ تعالیٰ کے درمیان اور وہ ان سے شفاعت کے طلب گار ہیں اور وسیلہ طلب کرتے ہیں ان کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی طرف اور زیارت کرتے ہیں ان کی اور وہ احترام کرتے ہیں قبور کا۔

اور جواب یہ ہے کہ بے شک مشرکین عبادت کرتے تھے لیکن ان کی عبادت تھی بتوں کیلئے اور اللہ تعالیٰ نے خبر دی ان کے حوالہ سے اور نہیں ہے ان کی نماز مگر ۔اور ''مکاؤ'' کا معنی تالی بجانا ہے اور ''تصدیہ'' دائیں ہاتھ کی ہتھیلی بائیں ہاتھ پہ مارنا ہے جیسا کہ تفسیر میں ہے۔

وہ مرد اور عورتیں بیت اللہ شریف کا برہنہ اکٹھے طواف کرتے تھے اور اپنی انگلیوں کو ایک دوسرے کی ہتھیلیوں میں ڈالتے اور تالیاں بجاتے تھے اور صف بناتے تھے۔ (راجع القرطبی، ۲۸۳۶/۳)

اور مشرکین بتوں کو سجدہ کرتے تھے جبکہ اللہ تعالیٰ نے اپنے علاوہ کسی کو سجدہ کرنے سے منع فرمایا اور ان بتوں کیلئے قربانی کرتے تھے اور تلبیہ کہتے ان بتوں کا نام لے کر اور بتوں کے نام پہ خون بہاتے ۔یہ تھی ان کی عبادت اور ان کے علاوہ وہ حج کرتے تھے جیسا کہ ابن عبدالوھاب نے کہا اور انہوں نے حج میں بہت سی بدعات اور ناپسندیدہ رسومات گھڑیں۔

سوان کا کفر اور شرک ابن عبدالوہاب کی نظر میں صالحین سے شفاعت طلب کرنے میں ہے۔اس کے باوجود کہ بے شک ان کے کفر کی وجہ سے حکم کے اسباب بہت زیادہ ہیں۔وہ ان کے ساتھ اپنے عقائد فاسدہ کی نسبت کرتے تھے جیسا کہ پہلے ان کا ذکر کیا گیا۔اور کیسے ممکن ہے ان کے شرک کا حصر اللہ تعالیٰ کے بعض مخلوقات کو وسیلہ اور شفیع قرار دینے میں حالانکہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تکذیب کرتے تھے۔آپ

صلی اللہ علیہ وسلم کو جادوگر کہتے تھے اور انکار کرتے تھے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم احکامات اور شریعت لے کر آئے باوجود اس کے بہت سارے معجزات آپ کے دست مبارک پر ظاہر ہوئے۔ وہ اُصول وفروع میں دور جہالت کے دین فاسد پر عمل کرتے تھے۔

اور انہیں اس کا اچنبھا ہوا کہ ان کے پاس انہیں میں ایک ڈر سنانے والا تشریف لایا اور کافر بولے یہ جادوگر ہے بڑا جھوٹا۔ کیا اس نے بہت خداؤں کا ایک خدا کردیا۔ بے شک یہ عجیب بات ہے اور ان کے سردار چلے کہ اس کے پاس سے چل دو، اور اپنے خداؤں پر صابر رہو۔ بے شک اس میں اس کا کوئی مطلب ہے یہ تو ہم نے سب سے پچھلے دین نصرانیت میں بھی نہ سنی یہ تو نری من گھڑت ہے۔

اور تو غور کر اللہ تعالیٰ کے ارشاد پر:

☆ اللہ نے مقرر نہیں کیا ہے کان چرا ہوا اور نہ بجار اور نہ وصیلہ اور نہ حامی ہاں کافر لوگ اللہ پر جھوٹا افتراء باندھتے ہیں اور ان میں اکثر نرے بے عقل ہیں۔ (المائدہ:۱۰۳)

ماقبل جو گزرا کافی ہے ان کے کفر کے اثبات کیلئے ان کے اور شرک کیلئے قطعی نصوص کے ساتھ۔ اور نہیں نفع بخش ان کا اقرار اللہ تعالیٰ کے وجود کے ساتھ اس کی عبادت کی اور حج کرنا اور صدقہ کرنا اور ذکر کرنا۔ اگر ان کے دلوں میں (کفر وشرک) موجود ہو اور کیا نفی کرتا ہے ان کا کفران سے متعدد اعتبار سے اور منحصر ہے ان کا شرک صالحین سے شفاعت کے طلب کرنے میں۔

چوتھی بحث

غلط فہمی پر آگاہی:۔

مخالفت کرنے والے سمجھتے ہیں بے شک مشرکین کامل طور پر خدا کی وحدت پر یقین رکھتے تھے لیکن ساتھ ساتھ وہ بتوں کی بھی عبادت کرتے تھے۔ پس انبیاء کرام کی دعوت فقط اللہ تعالیٰ کی عبادت کے حوالہ سے تھی۔

ان کی مخالفت ہوئی قرآن کی نصوص کے ساتھ جو واضح کرتے ہیں مشرکین کے عقائد دور جاہلیت میں اور پہلے بعض کو بیان کیا گیا ہے اور عنقریب میں ان کے شبہات کو جوابات کے ساتھ ذکر کروں گا۔

اس حوالہ سے قرآن کریم نے ارشاد فرمایا:

تم فرماؤ تمہیں کون روزی دیتا ہے اور کون نکالتا ہے زندہ کو مردہ سے اور نکالتا ہے مردہ کو زندہ سے۔ اور کون تمام کاموں کی تدبیر کرتا ہے۔ تو عنقریب کہیں گے کہ اللہ، تو تم فرماؤ کیوں نہیں ڈرتے۔ تو یہ اللہ ہے تمہارا سچا رب پھر حق کے بعد کیا ہے مگر گمراہی پھر کہاں پھرے جاتے ہو یونہی ثابت ہو چکی ہے تیرے رب کی بات فاسدوں پر تو وہ ایمان نہیں لائیں گے۔ تم فرماؤ تمہارے شریکوں میں کوئی ایسا ہے کہ اول بنائے پھر فنا کے بعد دوبارہ بنائے تم فرماؤ اللہ اول بناتا ہے پھر فنا کے بعد دوبارہ

بنائے گا تو کہاں اوندھے جاتے ہو۔ (یونس:۳۱ تا ۳۴)

مشرکین کا جواب مستقبل میں ہونا ہی اقرار کے منافی ہے اور معرفت پر دلالت کرتا ہے۔ یہ وضاحت کرتی ہے کہ قرآنی آیت "فَسَيَقُوْلُوْنَ اللّٰه" آیات قرآنیہ میں ایسی نشانیاں ہیں جو اُبھارتی ہیں مشرکین کو ایمان حقیقی پر۔ اللہ تعالیٰ کی ذات وحدہ لاشریک ہے اور رزق عطا فرمانے والی ہے وہ کانوں اور آنکھوں کی مالک ہے اور وہ یکتا ہے وہی ذات زندگی عطا فرماتی ہے اور وہی موت دیتی ہے اور اگر یہ مشرکین اللہ تعالیٰ کے بارے میں پختہ یقین رکھتے تو قرآن کریم کی نصوص ان کے حالات کو اسی طرح واضح کرتی "لَيَقُوْلُنَّ اللّٰه" اس طرح جیسا کہ قرآنی نصوص وارد ہوئی ہیں جو واضح کرتی ہیں کہ بے شک بعض شرک کرنے والے عقیدہ رکھتے تھے کہ بے شک اللہ تعالیٰ آسمانوں اور زمین کا خالق ہے۔

سورۃ العنکبوت میں ہے اور اگر آپ سوال کریں ان (مشرکین) سے کہ کس نے پیدا کیا آسمانوں اور زمین اور مسخر کیا سورج اور چاند کو وہ ضرور بضرور کہیں گے اللہ تعالیٰ نے۔ پس نص قرآنی ہے۔ "لَيَقُوْلُنَّ اللّٰه"

واضح کرتی ہے ان کے اعتقاد کو بے شک اللہ تعالیٰ وہ آسمانوں اور زمین کا خالق ہے۔ لہذا "سیقولن" اور "لیقولن" کے درمیان فرق پر غور کریں۔

اسی طرح سورۃ الزمر میں قرآنی آیات تقویت دیتی ہیں کہ اس حقیقت کے اتفاق پر کہ اللہ تعالیٰ آسمانوں اور زمین کا خالق ہے اور تقاضا کرتی ہے مشرکین سے

(قرآنی آیات) کہ وہ اللہ تعالیٰ کی ذات پر کامل ایمان لائیں (شرک نہ کریں بتوں کی عبادت کر کے) اللہ تعالیٰ کا سورۃ الزمر میں ارشاد ہے (۳۸،۳۹،۴۰)

اگر تم ان سے پوچھو کہ آسمان اور زمین کس نے بنائے تو ضرور کہیں گے کہ اللہ تعالیٰ نے، تم فرماؤ بھلا بتاؤ تو وہ جنہیں تم اللہ کے سوا پوجتے ہو۔ اگر اللہ مجھے کوئی تکلیف پہنچانا چاہے تو کیا وہ اس کی بھیجی تکلیف ٹال دیں گے یا وہ مجھ پر رحم فرمانا چاہے تو کیا وہ اس کو مجھ سے روک رکھیں گے۔ تم فرماؤ، مجھے اللہ تعالیٰ کافی ہے اور بھروسے والے اس پر بھروسہ کریں۔ تم فرماؤ، اے میری قوم! اپنی جگہ کام کیے جاؤ میں اپنا کام کرتا ہوں تو آگے جان جاؤ گے کس پر آتا ہے وہ عذاب کہ اسے رسوا کرے گا۔ اور کس پر آتا ہے عذاب کہ وہ پڑے گا۔ پس جواب آسمانوں اور زمین کی پیدائش سے پس تعبیر آئی ان کے جواب کی اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کے ساتھ "لَيَقُولُنَّ اللّٰه"

اور یہی وجہ ہے کہ قرآن مجید نے ان کو مختلف اُمور کے لحاظ سے ایمان کے لیے دعوت دی۔

اور اس جواب "لَيَقُولُنَّ اللّٰه" اور ماقبل جواب "سَيَقُولُونَ اللّٰه" کے درمیان بہت بڑا فرق ہے، ایمان، دوسرے عناصر کے حوالے سے

اور مشابہ نصوص جو ماقبل نصوص کے مشابہ ہیں سورۃ المؤمنون میں اللہ تعالیٰ کا قول ہے (۸۴ سے ۹۰ تک) تم فرماؤ کس کا مال ہے زمین اور جو کچھ اس میں ہے اگر تم جانتے ہو۔ عنقریب وہ کہیں گے کہ اللہ کا، تم فرماؤ پھر کیوں نہیں سوچتے تم فرماؤ

کون ہے مالک ساتوں آسمانوں اور عرش کا؟ عنقریب کہیں گے یہ اللہ ہی کی شان ہے۔ تم فرماؤ: پھر کیوں نہیں ڈرتے؟ تم فرماؤ کس کے ہاتھ ہے ہر چیز کو قابو رکھنا اور وہ پناہ دیتا ہے اور اس کے خلاف کوئی پناہ نہیں دے سکتا۔ اگر تمہیں علم ہو؟ عنقریب کہیں گے یہ اللہ ہی کی شان ہے۔ تم فرماؤ: پھر کس جادو کے فریب میں پڑے ہو بلکہ ہم ان کے پاس حق لائے اور بے جھوٹے ہیں۔

آیات قرآنیہ تین سوالات پر مشتمل ہیں اور جواب "سَیَقُوْلُوْنَ اللّٰہ" کے ساتھ ہے اور واضح ہے کہ مشرکین کے ذہن میں جواب صحیح موجود نہیں ہے۔ بلکہ وہ مستقبل میں دلائل واضح ہونے کے بعد اقرار کریں گے، بالفرض اگر وہ مومن ہوتے اور صفات و واجبات کی معرفت ہوتی تو ان تینوں سوالوں کا جواب "لَیَقُوْلُنَّ اللّٰہ" ہوتا۔

المختصر بے شک بعض مشرکین وہ ایمان رکھتے تھے کہ بے شک اللہ تعالیٰ آسمانوں اور زمین کا خالق ہے قرآنی آیات نے تصریح فرمائی ہے بعض مواقع پر اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کے ساتھ "لیقولن اللّٰہ" وہ ضرور بضرور کہیں گے کہ اللہ۔

اس کے باوجود وہ اللہ تعالیٰ پر کامل ایمان نہیں رکھتے تھے۔ قرآن کریم نے اس فرمان کے ساتھ تصریح فرمائی" فسیقولون اللّٰہ" پس عنقریب کہیں گے اللہ تعالیٰ نے۔

اعتراض: مشرکین عرب اللہ تعالیٰ پر ایمان کامل رکھتے تھے وہ فرق نہیں کرتے تھے۔ حالیہ اور مستقبلیہ عبارت کے درمیان ساتھ اضافت کرتے ہوئے دوسرے اُمور کی۔

جواب: اس کی شرح دوسری بحث میں ہوگئی ہے۔

اللہ تعالیٰ کے فرمان کے ساتھ اس بحث کو ختم کرتے ہیں " بے شک وہ جنہیں تم اللہ کے سوا پوجتے ہو تمہاری روزی کے کچھ مالک نہیں تو اللہ کے پاس رزق ڈھونڈو اور اس کی بندگی کرو اور اس کا احسان مانو تمہیں اسی کی طرف پھرنا ہے"۔
(عنکبوت، ۱۸)

اگر کفار اعتقاد رکھتے کہ بے شک اللہ تعالیٰ ہی رزق دینے والا ہے تو اللہ تعالیٰ انہیں صرف اپنی بارگاہ سے رزق تلاش کرنے کا ارشاد نہ فرماتا۔ لیکن وہ رزق کو تلاش کرتے تھے رزق کو اپنے معبودان باطلہ سے لہٰذا اللہ تعالیٰ نے صرف اپنی بارگاہ سے رزق کے تلاش کرنے کا حکم دیا۔

یہ نوع شرک کی قسم میں سے ہے۔ پس تو سمجھ اور اللہ تعالیٰ ہی مدد فرمانے والا ہے۔

پانچویں بحث

" بے شک اللہ تعالیٰ کی ربوبیت کے حوالہ سے مشرکین موحد تھے" مندرجہ بالا قول کے فساد پر جید علماء نے دلیل دی ہے کہ قرآن کریم کے دلائل قطعیہ کے خلاف ہے۔ مخالفین بھی نصوص قرآنیہ کے برخلاف ہونے کی وجہ سے پریشان ہیں۔ اور انہوں نے بھی مانا ہے کہ مشرکین کے موحد ہونے والی بات غلط ہے اور قائل نے شرک کے حوالہ سے غلو کیا۔ لہٰذا ان کے مذہب کے باطل ہونے کے لیے وہ کافی ہے جو کتاب میں آیا ہے۔

"القول السدید فی الرد علی من انکر تقسیم التوحید" جو کہ دار عفان کی مطبوعہ ہے ۱۴۱۷ھ۔

عبدالرزاق بن عبدالمحسن نے اس کی کتاب کو تالیف کیا ہے اور اس کا مقدمہ صالح بن فزان نے لکھا ہے۔ یہ دونوں بہت متشدد ہیں۔ اس بابت کے لحاظ سے بے شک مشرکین موحد تھے۔ اللہ تعالیٰ کو رب ماننے کے حوالہ سے بلکہ یہ کتاب مذکور لکھی گئی مشرکین کے ایمان کو ثابت کرنے کے حوالہ سے رب کی توحید کے ساتھ۔ انہوں نے گمان باطل کیا مصنف کتاب کہتا ہے ان کا اعتراف جو آیا ص ۸۷ پر ہے۔

پھر وہاں جو معاملہ ہے ضروری ہے کہ اس کا اقرار اور تفصیل کہ علماء کا قول" مشرکین رب کی توحید کا اعتراف کرتے تھے"۔

(لیس المراد بہ) یعنی وہ مقصود و مطلوب نہیں ہے۔ بے شک کفار کا اعتراف اس قسم کے ساتھ توحید کے حوالہ مکمل اور کامل ہونے کے اعتبار سے۔ پس یہ بات کوئی بھی اہل علم نہیں۔ کہتا ہے، پس بے شک ان کی مراد مشرکین کا وہ اقرار ہے جو قرآن میں موجود ہے۔ ان کے اعتراف کے لحاظ وہ یہ ہے انصاف پیدا کرنے والا۔ "الرزاق" (رزق دینے والا) "المدبر" (انتظامات چلانے والا) "لشؤون الخلق" (مخلوق کے قبیلہ سے) پس یہ ربوبیت کی صفات ہیں اور اس کی خوبیاں ہیں اور تحقیق وہ ایمان لانے اور مشرکین نے ان صفات کا اقرار کیا ہے۔ یہ حکم کلی نہیں ہے جو پایا جائے تمام مشرکین میں اور ان مشرکین میں کوئی وہ ہے جو ربوبیت کی بعض خصائص

پر ایمان لایا اور بعض پر ایمان نہ لایا۔

اور منہدم ہو جاتی ہے اس کی کتابت اس کے ساتھ اور اس کی دعوت اور واضح ہو جاتی ہے تفصیلاً فساد۔ ایسا فساد کہ جس کی بنیاد رکھی گئی کفر اور مسلمانوں کو بدعتی قرار دینے پر جبکہ قول ہے مقریزی اور ابن تیمیہ ص ۸۷، ۸۸۔

کتاب کے مصنف کہتے ہیں کہ کاتب یہ عقائد اسلامیہ کی بنیاد کو منہدم کرنے والا پہلا شخص نہیں تھا بلکہ ہم پاتے ہیں شمس احقانی کو جو ماضی میں سخت مشدد ہے صاحب کتاب جمہور العلماء الحسنیفہ فی ابطال عقائد القبوریہ۔ منہدم ہو جاتی ہے ضابطہ ان کے منطبق کرتے ہیں مسلمانوں کے کفر پس اس نے کہا جلد اور ص ۲۲۹۔ اور یہ ہے جو بیان فرمایا، اللہ تعالیٰ نے مشرکین سے اور حجت ہے ان پر ان کے اس بات کے اعتراف کرنے کے ساتھ اور وہ مشرکین الوہیت میں شرک کرتے تھے یعنی اللہ تعالیٰ کو الہٰ نہیں مانتے تھے۔ ربوبیت کی توحید کی بعض جزئیات میں اور بعض تفاصل میں یعنی مشرکین شرک کرتے تھے۔

پھر جو نقل کیا گیا اس کلام کی تاکید میں ابن تیمیہ سے اور ابن تیمیہ کا اعتراف کہ بے شک مشرکین موحد نہیں تھے۔ اللہ تعالیٰ کی توحید کے لحاظ سے کامل طور پر اور واضح طور پر ان کا دعویٰ ٹوٹ جاتا ہے اور ان کا مذہب ختم ہو جاتا ہے اور اتنی بات کافی ہے اس شخص کیلئے جو دیانت دار ہو۔

چھٹی بحث

کبار صالحین مسلمانوں کا نظریہ زندہ اور مردہ کے بارے میں

اور بہت زیادہ کبار صالحین قبور کی زیارت کیلیے جاتے ہیں اور ان کے ساتھ اعتقادی نظریہ رکھتے ہیں اور وہ یقین رکھتے ہیں کہ بے شک وہ مبارک مقامات ہیں یعنی جہاں پر صالحین مدفن ہوں۔ وہ لوگ نظریہ رکھتے ہیں کہ ان نفوس قدسیہ کے پاس دعائیں قبول ہوتی ہیں اور وہ جائز سمجھتے ہیں نماز کو معتبرہ ان شرائط کے ساتھ جو کتب فقہ میں مذکور ہیں اور علاوہ ازیں قسم ثانی میں جو مذکور ہیں اس کتاب میں۔

اور یہ لوگ مخالفین کے نزدیک ''کافر'' اور ''مشرک'' ہیں معاذ اللہ۔ اور وہ لوگ انہیں ان بُرے القابات کے ساتھ موسوم کرتے ہیں ''قبروں کی پوجا کرنے والے، قبور کے بندے'' اس لیے کہ وہ ان قبور کی تعظیم کرتے ہیں۔ اور سفر کرتے ہیں ان کی طرف اور نماز کو ادا کرتے ہیں اھل قبور کے پاس اور برکت حاصل کرتے ہیں ان سے اور یہ تمام امور مشرکوں کے افعال کے قبیلے سے ہیں لہٰذا وہ کفار ہیں۔

ضروری ہے کہ قبور کی عبادت کے معنی کو سمجھنا، تو جان (عبادة القبور) بے شک یہ مرکب اضافی ہے اور ضروری ہے عبادت کے معنی کو سمجھنا اولا۔ زمخشری نے کہا: اساس میں۔ ۲۹۱ پر۔

عبادت انتہاء درجے کی عاجزی اور تذلیل ہے۔اور صحاح میں ہے۔ج ۲ص ۵۰۳ عبادت فرمانبرداری اور بندگی قربانی کو کہتے ہیں اور ''تاج العروس'' میں ہے ج ۲ص ۴۴۰ عبادت کی اصل عاجزی اور انکساری ہے۔

اور اس طرح تو دیکھے گا بے شک عبادت لغت میں مطلق طاعت، تعظیم، عاجزی، تذلل اور تقوی کا نام ہے اور پوشیدہ نہیں اہل عقل کے ہاں بے شک لغوی معنی کی تطبیق عبادت کیلئے وہ مطلق طاعت اور عاجزی ہے۔(یلزم منه عدم فرار احد من الکفر)

اس کفر سے کسی کا فرار نہ ہونا لازم آتا ہے۔خصوصا طالب علم اور خادم اور بیوی بلکہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں خشوع وخضوع اور تعظیم کرتے تھے۔

پس حضرت یعقوب کا حضرت یوسف کا سجدہ کرنا،اور فرشتوں کا حضرت آدم کو سجدہ کرنا اور ایک گروہ وہ سجدہ کرتا ہے حجر اسود پر اور چومنا ارکان الکعبہ کو یہ تمام بجالانے والے کافر نہیں ہیں۔اس لیے وہ عبادت نہیں کرتے سوائے اس کے جس کا اللہ تعالیٰ نے اپنے غیر کو سجدہ کرنے کا حکم ارشاد فرمایا:

پس مناسب یہ ہے کہ ہو عبادت کا شرعی معنی وہ ظاہر کرنا ہے انتہاء درجے کی عاجزی اور خشوع اپنے دل اور جسم سے۔

اساس کی دو اقسام ہیں پس عبادت دو بنیادوں پر مشتمل ہے۔

ا۔اساس قلبی ۲۔اساس قالبی

فالقلبی ۔وہ اعتقاد رکھنا ہے کمال عبودیت کا معبود کے بارے میں جیسے مستقل ہونا نفع ونقصان کے ساتھ رزق دینے کے ساتھ اور موت کے ساتھ دوبارہ زندہ ہونے کے ساتھ اور زندگی کے ساتھ اور رحمت کے ساتھ نگہبانی کے ساتھ اور مہربانی کے ساتھ آخرت تک ۔یہ وہ عناصر ہیں جو اُسوۂ حسنہ کا مجموعہ ہیں۔

والقالبیہ ۔وہ بجالانا ایسی انواع جو عاجزی ظاہر کرتی ہین قیام اور رکوع، سجود اور دعا کے حوالہ سے۔سو ایسا شخص جو ایسے افعال بجالاتا ہے ظاہری طور پر۔اعتقاد قلبی کے بغیر وہ عبادت نہیں ہے۔جب تو پائے بعض علماء کو جو تکفیر کرتے ہیں ایسے شخص کی جو بت کو سجدہ کرتا ہے یا صلیب کو سجدہ کرتا ہے سو یہ کفر کی علامت ہے۔لیکن یہ کفر ذاتی نہیں ہے سو جو شخص سجدہ کرے کسی کو تکریم کے طور پر اور ربوبیت کا اس شخص کے بارے میں اعتقاد نہ رکھتا ہو یا اس کے بعض کے حوالہ سے سو وہ کافر نہیں ہے اور یہ بات ظاہر ہے اللہ تعالیٰ کے فرمان میں اور وہ گر پڑے یوسف علیہ السلام کو سجدہ کرتے ہووے۔علمائے کرام نے اس آیت کی تفسیر میں فرمایا کہ حضرت یوسف کے والدین اور بھائیوں نے یوسف کو سجدہ کیا تھا وہ سجدہ تعظیمی ہے اور پہلے انبیاء کرام کی شریعتوں میں جائز تھا۔اور تحقیق شریعت میں مستحب ہے صالحین کے اماکن کی تعظیم یعنی مقبولان بارگاہ خداوندی جلوہ فرما ہو۔صالحین کے قریب دفن کرنا خانہ کعبہ اور حجر اسود اور مقام ابراہیم کی تعظیم، صفا مروہ کی تعظیم، حجر اسود کے سامنے جھکنا، سو یہ پتھر ہیں طواف خانہ

کعبہ کا یہ کفر نہیں بلکہ فرمانبرداری ہے لہٰذا تو غور وخوض کر۔اسی طرح بیوی، غلام، خادم اور ملازم، رعایا اوران کی مثل وہ اللہ تعالیٰ کی اطاعت کرتے ہیں اگرچہ وہ ظاہر کرتے ہیں عاجزی اور اطاعت غیر اللہ کیلئے بھی۔

المختصر ہم منطبق کریں معنی لغوی کو عبادت کے لفظ کیلئے اس سے لوگوں کا کفر لازم آتا ہے اس لیے عبادت بمعنی فرمانبرداری دعا بمعنی پکارنا اس سے کوئی شخص بھی خالی نہیں ہے سو شریعت میں معاملہ اس کے برعکس ہے۔ جب کہا جائے کہ وہ عبادت ہے۔ پس جواباً کہا جائے گا کہ عبادت کے دو رکن ہیں قلبی وہ اطاعت رجوع اور تعظیم ہے قالبی وہ ربوبیت کی صفات پر عقیدہ ہے پروردگار کے بارے میں۔اور اس سے برات جائز نہیں ہے اور ہر ایک کیلئے ان میں سے مشروط ہے۔ سو عبادت وہ اطاعت کا اظہار ہے اور تعظیم کرنا ہے اپنے معبودوں کیلئے جس کی ماقبل وضاحت ہو چکی ہے۔ ہم جانتے ہیں کہ جو شیخ محمد بن عبدالوہاب نے اپنے رسالے اصول ثلاثہ میں۔ عبادت کی انواع کہ جن کو اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ان کا مثال کے طور پر اسلام احسان اللہ تعالیٰ سے دعا خوف اور امید اور بھروسہ تعلق باللہ شوق عاجزی ڈر رجوع پکارنا پناہ مدد طلب کرنا۔ یہ کلام محتاج ہے تقید اور بیان کا۔ بے شک کلام کے مطلق اطلاق میں مسلمانوں کی تکفیر ہے۔اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہی مدد طلب کی جاتی ہے (حقیقی فقط)

ساتویں بحث

(شبهة والجواب عنها) ایک شبہ اور اس کا جواب:

شیخ ابن تیمیہ کی کتب کا مطالعہ کرنے والوں کیلئے شیخ ابن تیمیہ کی کتابوں کو پڑھنے کی بناء پر ایک شبہ پیدا ہوتا ہے۔ اور اس سے یہ تصور کیا جاتا ہے جو کہ شیخ ابن تیمیہ اور اصحاب تیمیہ کہتے ہیں بے شک قبروں کے پاس نماز پڑھنا یہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ شرک ہے جیسا کہ ایک گروہ نے کہا سلف سے۔ جیسا کہ ایک گروہ نے سلف سے اللہ تعالیٰ کے فرمان کے حوالہ سے کہا:

اور مشرکین نے کہا کہ ہرگز نہ چھوڑو تم اپنے معبودوں کو یعنی بتوں کو اور ہرگز نہ چھوڑو تم (ود) اور ہرگز نہ چھوڑو تم (سواع) اور ہرگز نہ چھوڑو (یغوث) اور ہرگز نہ چھوڑو تم (یعوق) کو اور ہرگز نہ چھوڑو تم (نسر) کو (الجن ۲۳)

ابن تیمیہ اور اصحاب تیمیہ نے کہا: کہ قوم نوح یہ تمام لوگ صاحب تقوی تھے یعنی بتوں کے نام ان کے صالحین کے اسماء پر رکھے ہیں یعنی مشرکین نے رکھے ہیں۔ پس جب وہ صالحین قوم نوح میں سے وصال فرما گئے تو قوم نوح کے افراد ان کی قبور پر معتکف ہوئے یعنی اعتکاف بیٹھے پھر انہوں نے ان کی شکلوں کے مطابق مجسمے

بنائے پھر لمبی ہوگئیں ان کی اُمیدیں۔ پس وہ ان مجسموں کی یعنی صالحین کی صورتوں کے مطابق مجسمے بنائے گئے تھے عبادت کرنے لگے۔ اور خیال کیا ابن تیمیہ اور اس کی تقلید کرنے والوں نے کہ بے شک قبور کے پاس نماز پڑھنا منع ہے۔ اور اوپر گنبد بنانا بھی منع ہے اور برکت حاصل کرنا، ان کے ساتھ، اور سفر کرنا ان کی طرف وہ ممنوع ہے۔ اور ایسے افعال سے ہیں مذکورہ بالا افعال کہ جن کا تعلق مشرکین کے افعال کے ساتھ ہے۔

اور ان تمام باتوں کے مصادر وہ مراجع ابن تیمیہ کی کتابیں اور ابن عبدالوھاب کی کتاب التوحید اور اس کی شروح ہیں جیسے تقویۃ الایمان وغیرہ وغیرہ۔

میں کہتا ہوں اس غلطی کا جواب امام مجتہد السبکی نے دیا۔ پس نے فرمایا اپنی شفاء میں ص ۱۳۷، ۱۳۶ اور فرمایا یہ عقیدہ باطل ہے کہ قبور کے پاس سجدہ کرنا یعنی نماز پڑھنا ان کے پاس یا ان کی تعظیم کرنا اور مجاور بننا ان پر اور کسی صورت کی تصویر بنانا وہ پہنچانے والے ہیں شرک کی طرف اور یہ تمام افعال ممنوع ہیں۔ جیسا کہ حدیث صحیحہ میں آیا ہے کہ نبی پاک ﷺ کا فرمان ہے اللہ تعالیٰ نے لعنت فرمائی یہودیوں اور عیسائیوں پر کہ انہوں نے اپنے انبیاء کرام کی قبور کو سجدہ گاہ بنایا اس حدیث پاک میں ڈرایا گیا ہے جو انہوں نے کیا۔ نبی پاک ﷺ کو جب اطلاع دی گئی کہ حبشہ کی زمین ایک کنیسے یہ وہ لوگ ہیں جب ان میں کوئی صالح مرد فوت ہو جاتا تو وہ اس کی قبر پر مسجد بناتے اور تصویر لگاتے۔ یہی لوگ اللہ تعالیٰ کے ہاں بدترین مخلوق ہیں۔

